خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان اندرون سندھ روانہ

سندھ جانے والے امدادی سامان میں بھاری مقدار میں راشن بیگز، ادویات اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیاء شامل ہیں

امدادی سامان رابطہ کمیٹی نے اپنی نگرانی میں سندھ روانہ کیا، کے کے ایف کے تحت کروڑوں روپے مالیت کی امداد تقسیم کی جاچکی ہے

کراچی۔۔۔9، اکتوبر 2011ء

ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، ادویات اور دیگر امدادی سامان بارشوں اور سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ہفتے کی صبح اندرون سندھ روانہ کر دیا گیا۔ امدادی سامان میں ہزاروں راشن بیگز جس میں آٹا، دالیں، چاول، شکر، گھی، تیل، چائے کی پتی، خشک دودھ، چنے، بیسن، مصالحہ جات اور پینے کے صاف پانی کے علاوہ روزمرہ استعمال کیلئے اشیاء صرف جن میں مختلف اقسام کے صابن، ٹوتھ پیسٹ، منجن، گدے، لحاف، دھوپ، بارش اور سردی سے بچاؤ کیلئے خیمے اور جان بچانے والی ادویات بھاری مقدار میں شامل ہیں۔ یہ امدادی سامان ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل اور سید شاکر علی نے اپنی نگرانی میں سندھ روانہ کیا جو اندرون سندھ کے مختلف شہروں میر پور خاص، نوابشاہ، سانگھڑ، عمر کوٹ، ٹھٹھہ، بدین اور سجاول کے متاثرین میں تقسیم کیا جائیگا۔ اس موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے آپریشن انچارج عمران، ایم کیو ایم کے ذمہ داران و کارکنان کے علاوہ کے کے ایف رضا کاروں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ واضح رہے کہ ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے اندرون سندھ بارشوں اور سیلاب متاثرین کی امداد کا سلسلہ جاری ہے اور اس سلسلے میں کروڑوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، ادویات اور دیگر امدادی اشیاء متاثرین میں تقسیم کی جاچکی ہیں۔

رابطہ کمیٹی کے ارکان کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ کا دورہ

بارش اور سیلاب زدگان کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا

دن رات کام کرنیوالے کے کے ایف کے رضا کاروں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش

کراچی:۔۔۔9 اکتوبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون، سلیم تاجک، واسع جلیل، گلفراز خان خٹک، یوسف شاہوانی اور کیف الوریٰ نے ہفتہ کی شب خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا بلاک 14 میں قائم مرکزی امدادی کیمپ کا تفصیلی دورہ کیا اور امدادی سرگرمیوں کا بغور جائزہ لیا۔ اس موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن آپریشن انچارج عمران نے انہیں سندھ میں بارش و سیلاب زدگان کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں اور حالیہ دنوں میں روانہ کیے گئے سامان کی تفصیلات اور کیمپ میں موجود سامان کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور کہا کہ سندھ میں سیلاب زدگان کیلئے اب تک کروڑوں روپے مالیت کی خشک غذائی اجناس پر مشتمل راشن بیگز جن میں آٹا، چاول، دالیں، گھی، تیل، شکر، نمک، چائے کی پتی، چنے، بیسن، مصالحہ جات اور پینے کے صاف پانی کے علاوہ روزمرہ استعمال کیلئے اشیاء صرف جن میں مختلف اقسام کے صابن، ٹوتھ پیسٹ، منجن، گدے، لحاف، دھوپ، بارش اور سردی سے بچاؤ کیلئے خیمے اور جان بچانے والی ادویات سمیت دیگر بھاری مقدار میں دیگر امدادی سامان شامل ہیں روانہ کیا جاچکا ہے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے سندھ میں سیلاب اور بارش زدگان کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے امدادی کاموں میں حصہ لینے والے ایم کیو ایم کے ذمہ داران اور کے کے ایف کے رضا کاروں کو بہت بہت شاباش دی۔

☆☆☆☆☆